I have even been threatened by these people that if I take legal action they would make my life miserable on my return to Pakistan.

In the light of all these circumstances I wrote a letter to Pres. Zia-ul-Haq and sent it through the Embassy in the hope of setting my case in a Martial Law Court as soon as possible and that I should receive quick and inexpensive Justice and the people who are behind this fraud be punished accordingly. But my letter did not reach President Zia-ul-Haq because the Ministry of Foreign Affairs in Islamabad made the decision by itself and informed the embassy that while the case was in Court-they could not interfere.

My question is that without incurring further financial loss how can I receive justice and how can I compete with this powerful crook party?

I was shocked to see the level of bribery in the Islamic Republic of Pakistan. For me it started right from the Airport where I was asked to pay Rs.300.00 under the table for a small $15.00 tape recorder but if not then I was told that I would have to pay Rs.700.00 in Customs duty. I protested this and finally I was allowed through without paying anything because it would be harder for them to collect bribes from other people. Is this the Islamic way of life?


Mohammed Irfan K[illegible]
410-McCowan[illegible]
Unit 1
Scarboro, On[illegible]
Canada M1J 1J[illegible]

Muslim World

WHO VIOLATED THE SANCTITY OF THE HARAM?

What Happened at Makkah?

What happened at Makkah? This is a question important to every Muslim, because it is connected with the holiest place to Muslim hearts, rituals and prayers. Every Muslim is annoyed to hear that tanks have entered the walls of the Mosque, that its minarets were gunned and that the 'stone of Ismail' was defiled by blood, in the **HARAAM** month (in which fighting is prohibited). And that those peaceful places were turned into a battlefield, where blood flowed and corpses scattered.



What happened at Makkah is also important to non-Muslims, because although they do not care about the sanctity of the well of Zamzam, they cannot leave the oilfields surrounding Makkah. They do not care about the sanctity of the Ka'bah, but they are interested in the sanctity of the oil ports. They, after all, know the effect of events in the holy place on the 800 million Muslims who constitute the majority of the deprived Third World.

Then what happened at Makkah? The American intelligence and the satanic information service, in great speed, fabricated a mythical drama to deceive the Islamic and world public opinion. It was announced that the matter simply is, that a group of renegades and unbelievers, who number between 800 - 1000 including some women and children, have attacked the Sacred Mosque! That they had enough arms and ammunition to withstand 16 days! That they have managed to bring in enough food supplies, that they are led by a lunatic who claims that he is the expected Mahdi; and that the Saudi authorities, according to the decrees of Ulema, had no choice but to fight them to purify the Sacred Mosque! And this resulted in the killing of 300 of the invaders and 1000 men of the forces of the authorities, while the rest were captured and 180 of them have been sentenced to death to date! Thus the wires of congratulations began to flow in to the authorities from various governments and organisations, expressing their condemnation of the operation and supporting the gigantic efforts of the government to protect the Sacred Sanctuary.

Thus, so simply, struggles of the nations are distorted, and the crimes of the rulers are justified.

While we condemn this lackey and satanic information service, we announce to the masses of our Islamic nation that the truth is contrary to what has been propagated by the liar information media.

To understand what has happened we must know the political and social atmosphere of the Arabian peninsula, that has given birth to this event. Here the family of Saud exercises a dictatorial American rule, under an Islamic cover. There is no constitution to govern the country. There is no freedom and no rights for the people who are deprived of the basic necessities of life, while the rulers play with the riches of the country, as the foreign policy of the satanic authorities is implementation of the American global plots, which is evident from the stand of the authorities in the OPEC meetings and constant support to the traitor regime of Egypt, and to all lackey governments against the aspirations of their people.

Our masses in the Arabian peninsula live in deprivation, hardship and discontent, under the lackey Saudi regime and therefore they have begun to support Islamic revolutionary organisations and movements. The triumph of the Islamic Revolution in Iran has strengthened their revolutionary zeal.

A unit of the Islamic movement is based in Makkah and has been able to win a good popular base as well as, it has been able to provide military skill, arms and ammunition, through contacts in the army and the (National) Guard, to the point that it had tens of trainees and a big amount of arms stored in a locality in Makkah, where it enjoyed popular support. The authorities discovered this and cordoned off the area by security and police forces. Members of the movement had no choice but to resort to resistance. Their supporters rallied to their assistance, and a battle was fought in the streets of Makkah, in which both sides suffered tens of casualties. When the Revolutionaries saw that martyrdom is their fate, they took refuge in the Holy Sanctuary for two reasons:

1 To embarrass the regime, which claims to be religious, if it fights them in the sanctuary, while they took refuge in it;

2 To give the problem an international news dimension, to make it impossible for the authorities to cover it.

They took refuge in the Holy Sanctuary with some of their women and children and announced their aims over the loud-speakers of the Sanctuary, of which the important points are:

* *to over throw the monarchy, and to establish an Islamic republic;*

* *to confiscate the wealth of the Saudi family and to put the traitors within them on trial;*

* *to cut oil supplies to America, because of its inimical stand towards Islam and Muslims;*

* *to expel foreign troops and experts.*

Now the authorities bared their ugly teeth and supported by the military expets and a contingent of Jordanian and Moroccan troops violated the sanctity of the Holy Sanctuary, 2 tanks entered the walls of the Sanctuary and gunned its minarets. The revolutionaries who took refuge there, were forced to defend themselves, according to Allah's command: "If they fight you there, kill them therein."

After 16 days of seige and fighting, in which the authorities employed all means of cruelty and destruction that caused the martyredom of tens of Muslims and a greater number of the traitor authorities' forces, the operation ended with the capture of a number of people of whom 180 have been condemned to death.

While we condemn this Saudi crime, we know that this is the only way to get rid of the claws of the lackey regime. Our people are determined to continue on the path. The Makkah uprising, which was followed by the uprising in the Eastern Region, was only a part of the struggle of our great people.

We ask all revolutionary forces in the world to understand the plight of our deprived people and to support our sacred struggle.

Allah helps those who help Him.

Glory and immortality to our martyrs in Makkah and the Eastern Region.


Disgrace and shame to imperialism and colonialism.

Down with the lackey Saudi Regime.

Long live the Islamic Revolution everywhere.

[*Organisation of the Islamic Revolution in the Arabian peninsula Saudi Arabia*]. □

Sayings of Prophet Muhammed Pbuh



DUTIES OF HUSBAND AND WIFE

Next to fear of Allah, the believer finds nothing good for him than a virtuous wife. If he bids her, she obeys him; if he looks at her, she gives him pleasure; if he gives her a promise, she fulfils it, and if he is absent from her, she guards herself and his property.

●

If I were to order anybody to make prostration to anybody, I would have ordered a woman to prostrate before her husband.

●

He is not of us who poisons the mind of a woman against her husband, or a slave against his master.

●

You have got (rights) over them that they entertain nobody to your beds which you dislike. If they do this, give them a beating without causing injury. They have got (rights) over you in respect of their food and clothing according to means.

●

When a woman says her five (prayers) and keeps fasts during Ramadan and guards her private parts and obeys her husband, let her enter Paradise by whichever door she likes.

●

JUSTICE

The people for the Abode of Bliss are three; the first, a just king, a doer of good to his people, endowed with virtue; the second, an affectionate man, of a tender heart to relations and others; the third, a virtuous man.

Introduce Crescent to a Friend

دیہی علاقوں میں یونین کونسلوں کو پنچایت کے اختیارات دیے جائینگے: لیفٹیننٹ جنرل سوار خان

تحصیل کونسلوں کے چیئرمینوں کو آنریری مجسٹریٹ کے اختیارات حاصل ہونگے

منتخب نمائندے عوامی مسائل کے حل کے لیے سخت محنت سے کام کریں

بلدیاتی اداروں کے ذریعہ ہو لیڈر کارکنان کی رکنیت ختم کر دی جائے گی

روسی مشیروں کے مشورے پر پروان میں ساڑھے چار سو افراد کو زندہ دفن کر دیا گیا

پاکستان اور بھارت کو ایک دوسرے کے شبہات دور کرکے اچھے ہمسایوں کی طرح رہنا چاہیئے: صدر ضیا

تنازعے ختم ہو جائیں تو شملہ سمجھوتہ جنگ نہ کرنے کا معاہدہ بن جاتا ہے۔ مسز اندرا گاندھی جب چاہیں پاکستان کا دورہ کر سکتی ہیں۔ ہر موقع پر میں بھی بھارت جاؤنگا

دہلی میں روس کے خلاف بھارتی مسلمانوں کا زبردست مظاہرہ

روسیو افغانستان سے نکل جاؤ کے نعرے۔ برژنیف کا پتلا جلایا گیا

نماز جمعہ کے بعد جامع مسجد دہلی کے باہر احتجاجی جلسے۔ بھارتی عوام خاموش نہیں رہ سکتے


افغان فوج نے مسلم مظاہرین پر گولی چلانے سے انکار کر دیا

پروفیسر عبدالسلام کیلئے وینیزویلا کا اعلیٰ ترین اعزاز

افغانستان کے مسئلے پر بھارت کی سفارتی کوششیں

روسی اور نیپالی رہنماؤں کی اندرا سے ملاقات

مولانا مفتی محمود ایران کے دورے کے بعد واپس پاکستان پہنچ گئے



ایک شخص کے قبضے سے بھارت کے بنے ہوئے دو سو ٹرانزسٹر برآمد ہوئے

نوٹ

"کریسنٹ" کے تاخیر سے پہنچنے کی شکایت رکھنے والے قارئین ذیل کا نوٹ ضرور ملاحظہ فرمائیں:

Readers Note

Because of delays encountered by readers in receiving CRESCENT, we have decided to publish the Post office date stamp indicating when the last issue was submitted at the Post office. This way readers can compare how long it took for the issue to get to them.

If the paper is delayed by more than eight days, we strongly urge readers to complain to the post office. —

The last issue of Crescent was mailed on February 15, 1980

3/31376
15 II 1980
DON MILLS
ON

URDU HERITAGE PROGRAM GROUP
FROM SHAUGHNESSY P.S., NORTH YORK



These children were part of North York's Heritage Day Program on Feb. 13, 1980. Mayor Mel Lastman of North york and several other prominent figures attended the function. Photo: H. Rabbani

مختصر مختصر اشتہارات

ضرورت رشتہ

ایک ۳۳ سالہ تعلیم یافتہ اور خوبصورت دوشیزہ جو یو۔پی کے اعلیٰ خاندان سے تعلق رکھتی ہے اور آج کل مانٹریال میں مستقل سکونت پذیر رشتہ داروں کے ساتھ مقیم ہے کے لیے رشتہ درکار ہے۔ خواہشمند مکمل تفصیلات تحریر فرمائیں:

M. A. M.
P. O. BOX 13 T.M.R.
MONTREAL, QUE.
H3P 3B8

●

حیدرآباد دکن میں مقیم ایک ۱۹ سالہ سنی لڑکی کے لیے جو فارمیسی میں ڈپلومہ رکھتی ہے، شریف اور تعلیم یافتہ لڑکے کا رشتہ مطلوب ہے۔ دلچسپی رکھنے والے حضرات پتہ ذیل پر رجوع کریں:

AZAM MOHIUDDIN
C/O CRESCENT

●

لاہور سے تعلق رکھنے والی ۳۰ سالہ کنواری سید لڑکی، کینیڈین امیگرنٹ، خوش شکل، تعلیم بی۔اے، سٹینوگرافر، جو حال ہی میں ٹورانٹو آئی ہے اور جس کے خاندان کے بہت سے لوگ یہاں آباد ہیں، کے لیے امریکہ یا کینیڈا سے مناسب رشتہ فوری درکار ہے۔ خواہشمند پتہ ذیل پر مکمل تفصیلات اور فوٹو کے ساتھ خط لکھیں۔ خط و کتابت راز میں رکھی جائے گی:

MR. SAYED
BOX 165, ROUTE 8,
JONESBORO, TN, 37659
USA

●

ایک ۲۶ سالہ ہندوستانی مسلمان لڑکے کے لیے جو ان دنوں سعودی عرب میں ملازم ہے، کینیڈین امیگرنٹ ۲۰-۲۲ سالہ شیعہ مذہب سے تعلق رکھنے والی لڑکی کا رشتہ درکار ہے۔ دلچسپی رکھنے والے پتہ ذیل پر رابطہ کریں:

HUSAIN
C/O CRESCENT

●

برائے فروخت

بہترین مقام پر واقع، ہر قسم کے ضروری سامان سے آراستہ ریسٹورانٹ، ٹیک آؤٹ فوڈ، لائسنس یافتہ، جس کے اوپر دو کمروں کا رہائشی فلیٹ بھی ہے، کسی مجبوری کی بنا پر فوری برائے فروخت ہے۔ پہلی فرصت میں رابطہ قائم کیجئے:

A.A.
C/O CRESCENT
PHONE: 493-4394

(مختصر اشتہارات کا معاوضہ ۵ ڈالر ہے جس کی پیشگی ادائی ضروری ہے)

طنز و مزاح

چٹکیاں

اقبال یونس خان (فرانس)

افغانستان پر روسی جارحانہ حملے اور افغانوں کی خواہشات کے خلاف روسی قبضے پر جب سے مضامین شائع ہو چکے ہیں۔ ریڈیو اور ٹی۔وی پروگراموں پر "ماہرین" اپنے اپنے خیالات کا اظہار کر چکے ہیں۔ لیکن اس کالم میں جو کچھ آپ پڑھنے والے ہیں وہ تمام ماہرین کی رائے سے مختلف ہوگا۔ گارنٹی دی جاتی ہے کہ دنیا کے کسی بھی اخبار یا رسالے میں ان خیالات کو کسی نے قلم بند نہیں کیا ہے۔ ہم مشرقی ضرورت سے زیادہ انکساری کا شکار ہوتے ہیں۔ مثال کے طور پر ہم لوگ خط میں لکھتے ہیں "احقر"، "ناچیز"، "خاکسار" وغیرہ۔ اسی انکساری کی وجہ سے اردو رسالوں کے سرورق پر لکھا ہوتا ہے "ایشیا کا سب سے زیادہ شائع ہونے والا"۔ خود ہی کہیں جا کر دیکھ لیجئے جتنے اخبار اتنے دعوے "پہلا اور واحد پاکستانی اخبار" "پہلا رنگین اخبار" "پہلا انعام بانٹنے والا اخبار" "پاکستانی کمیونٹی کا صحیح ترجمان" "یورپ اور امریکہ سے بیک وقت اور کثیر تعداد میں شائع ہونے والا" غرض جتنے قلم اتنی باتیں۔ جہاں تک ان دعووں کی صداقت کا تعلق ہے وہ آپ بھی خوب جانتے ہیں۔ میرا اس بحث میں پڑنے کا ارادہ نہیں ہے کہ "پھر بات اُن کو بہت ناگوار گزرے گی۔"

"گریٹ انڈیپنڈنٹ" بھی اس مشرقی انکساری سے نجات حاصل نہیں کر سکا ہے اس لئے میں یہ نہیں کہہ سکتا کہ افغانستان پر آئندہ سطروں میں آپ جو پڑھنے والے ہیں، وہ سوچنے کا انوکھا انداز ہے، تازگی خیال ہے، نادر خیال ہے، [illegible]۔ بہرحال "گریٹ انڈیپنڈنٹ" کا یہ کالم افغانستان کے مسئلہ کو حل کرنے کے لئے اتنی بڑی انقلابی اسکیم پیش کر رہا ہے جس کی بنا پر "گریٹ انڈیپنڈنٹ" کے قارئین دنیا میں چھپنے والے تمام کالموں کے پڑھنے والوں سے ایک قدم آگے رہیں گے!

افغانستان پر روسی جارحانہ حملے اور روسی قبضے پر کم و بیش ساری دنیا کے مسلمانوں نے احتجاج کیا۔ اگر یہ حملہ امریکہ نے کیا ہوتا تو مزہ آ جاتے۔ امریکی سفارت خانے جلا کر خاک کر دیئے جاتے! لیکن روسیوں کے ساتھ ایسا نہیں کیا گیا۔ ایک دو جگہوں پر روسی سفارت خانوں پر معمولی سے حملے ضرور ہوئے۔ اس کے یہ معنی نہیں کہ مسلمان امریکہ سے زیادہ نفرت کرتا ہے اور روسیوں سے کم۔ شاید اس کی وجہ یہ ہے کہ ہم مسلمان روسیوں سے ڈرتے ہیں۔ مسلمان جو ڈرتا ہے کسی سے سوائے اللہ کے! جلوس نکلے، ٹی۔وی پر آنے کی خاطر جھنڈے لہرائے گئے، نعرے بازی ہوئی، تقریریں ہوئیں۔ افغانستان سے محبت کی خاطر ہم نے ایک بڑی قربانی یہ دی کہ [illegible] میں ہونے والے ایک سیمینار میں افغانستان پر تقاریر سننے گئے۔ زندگی میں کبھی اتنی بور تقاریر نہیں سنی ہوں گی۔ ایک مقرر کا یہ جملہ ابھی تک کانوں میں گونجتا رہتا ہے۔ یہ افغان پناہ گزینوں کے کیمپوں کا آنکھوں دیکھا حال بتا رہے تھے کہ "بچے بوڑھے دیکھے ہیں اور ہمیں جوان بچے دیکھے۔!" میں آج تک سمجھ نہ سکا کہ درمیانی عمر والے مجاہدوں کو کیا روسیوں نے ہڑپ کر لیا تھا!

مغربی پریس میں روز آئے افغانی مجاہدین کی کامیابیوں کی خبریں آ رہی ہیں [illegible] جب مغربی پریس کا دعویٰ ہی یہ ہے کہ ایران کے عظیم اسلامی انقلاب کی رپورٹنگ یوں کی جاتی ہے جس سے اسلام کے بارے بہت غلط تصور قائم ہوتا ہے اور مغربی اخبارات میں افغان مسلم مجاہدین کی خبریں مثبت انداز میں پیش کی جاتی ہیں۔ لیکن اس کے باوجود روسیوں کا افغانستان سے نکالنا ممکن نہیں ہوگا۔ اس کے لئے تمام اسلامی ممالک کو مل کر جہاد کا اعلان کرنا پڑے گا۔ اس پر شاید کچھ حضرات مسکرا کر اعتراض کریں کہ تیرہ سو سال پہلے تو جہاد کی بات ٹھیک تھی۔ لیکن آج کی دنیا میں جہاد تو خودکشی ہوگی۔ خیر دعا ہی ہوگی۔ یہی حضرات شاید کچھ اس قسم کے دلائل پیش کریں: پچاس سال سے زیادہ اسلام کا گلا گھونٹنے کے بعد ترکی کی موڈرن حکومت، پلاسٹک کی بندوقیں بنانی ہے۔ بے بھاؤ کی عوام سے لوٹی دولت کے باوجود سعودی عرب کو یہ درجہ بھی حاصل نہیں۔ کسی ایک اسلامی ملک میں ٹینک تو چھوڑیئے، جیپ تک نہیں بنتی اور اگر سائیکلیں بنتی ہیں تو ان پر سوار ہو کر اگر آپ اگلے موڑ تک زندہ سلامت پہنچ گئے تو دو رکعت نماز شکرانہ کے لئے تیار ہو جائیے۔ تمام اسلامی ممالک کی افواج کو اسلحہ یا تو امریکہ سے ملتا ہے یا روسی ناخداؤں سے۔ تو اب بتائیے کیا آپ روسی ٹینکوں کا مقابلہ تانگوں سے کریں گے؟

ان حضرات کی یہ باتیں اپنی جگہ معقول ہیں۔ لیکن ہمیں ایک دوسرے کو شکست اسلحے کے بل بوتے پر نہیں دینی ہے۔ جس وقت مسلمانوں نے رومی افواج کا مقابلہ کیا تو رومی افواج اس وقت کی دنیا کی بہترین جنگی مشین تھی۔ ان کے سپاہیوں اور جرنیلوں کو بہترین جنگی تعلیم اور مشق کرائی جاتی تھی اور سپر ماڈرن اسلحہ دیا جاتا تھا۔ رومی پلٹنیں آگے بڑھتی تھیں تو جیسے سیلاب بلا۔ ان کے مقابلے میں گھوڑوں کی ننگی پیٹھوں پر چڑھ کر [illegible] بغیر کسی تنظیم اور بغیر کسی خاص جنگی تربیت کے تعداد میں بہت کم مسلمان مجاہدین کی ٹولیاں "نعرہ توحید" لگا کر ان کا [illegible] کی طرف پلٹیں تو دنیا کا نقشہ بدل کر رکھ دیا۔ حال میں ہم نے دیکھا کہ الجیریا میں فرانس کی نہ چل سکی اور ویتنام میں اسلحہ کی برتری کے باوجود امریکہ کی شکست ہوئی۔ ساری دنیا کے مسلمانوں کو تو چھوڑیئے اگر صرف پاکستان کے مسلمان ہی اٹھ کھڑے ہوں۔ اور "یا علی مدد" کا نعرہ مار کر میدان میں کود پڑیں تو روسیوں کے چھکے چھوٹ جائیں۔ [illegible] ہم کئی رستم زماں پیدا کر چکے ہیں۔ [illegible] مسلمان مجاہدوں کی مدد سے [illegible] کے شائقین کی تعداد [illegible] کے مقابلے لاکھوں میں ہے۔ انہیں مفت پان بانٹ کر، کچھ پان چبانے والے دستے قندھار کی طرف چمن کے راستے سے بڑھا دیں۔ اور کچھ دستے ہاتھوں میں پیک دان سنبھالے اور سرخ زبانیں [illegible] کوئٹہ سے کابل کی طرف بڑھ جائیں۔ روسی سپاہی سرخ رنگ کے خواب دیکھتے ہی بھاگ [illegible] کیونکہ [illegible] فوجی تربیت کے دوران انہیں سرخ زبانوں والے اور سرخ خون اگلتے دشمن کے مقابلے کے لئے کچھ بھی نہ سکھایا گیا ہوگا۔ ان پان کی پیکوں کی دھاروں سے بچنے کے لئے دشمن پسپا ہونا شروع کر دے گا۔ اسی طرح انہیں کچھ میل پیچھے دھکیل کر ان کے جوانوں کا زوال شروع کر دے۔ [illegible] کے ہجوم کو آگے بڑھنے کا حکم دینا ہوگا۔ [illegible] روسی سپاہیوں کا سارا [illegible] ان کی جیبوں کی طرف متوجہ ہوگا۔ ابھی بھی روسی افواج اپنے [illegible] کی طرف بھاگنا شروع ہوں گی اس امید میں کہ [illegible]۔ لیکن یہیں اس موقع پر ہمارے ملک کی [illegible] ان روسی بھگوڑوں میں افراتفری بڑھانے میں مدد دینگی۔ [illegible] کی وجہ سے ہمارے پاکستان کی [illegible] ان بھاگتے بھگوڑوں پر ٹوٹ پڑیں گی۔ [illegible] ان روسیوں کے کپڑے [illegible] ان کی آنکھیں [illegible] سرخ رومال کا جھنڈا لہرانے چلے۔

اب اگر حضرات کرام [illegible] سے مریض کو شفا نہیں ہوتی تو پھر [illegible] اسکیم پر عمل کرنا پڑے گا۔ [illegible] DAS CAPITAL [illegible] اس کی ہم تعریف کریں گے۔ [illegible] (ان دونوں ازموں میں کوئی بنیادی فرق بھی ہے؟) [illegible] اس فیصلے کی تائید [illegible] ممالک میں کیا جاتا ہے۔ ان تمام [illegible] کو سعودی عرب کی بے پناہ دولت سے خرچ دے کر روسی افغانستان [illegible] پر روسی مجاہدوں کو دیکھ کر ان تمام حضرات کے دل خوشی سے پھولے نہ سمائیں گے۔ ان کے لئے یہ بہت بڑا معراج ہوگی اور وہ [illegible] کے خدا مارکس اور لینن نے ان کی سن لی تو ممکن ہے نور محمد ترکی اور حفیظ اللہ امین کی طرح "شہادت" نصیب ہو جائے۔

افغانستان کے مسئلہ کا اس سے اچھا انقلابی حل کہیں اور نظر سے گزرا آپ کی؟ اُف ری مشرقی انکساری!

محفلِ شعر و سخن

(اشعار بہ اعتبار عنوان)

برق

تعمیرِ آشیاں کی ہوس کا ہے نام برق
جب ہم نے کوئی شاخ چُنی شاخ جل گئی

برق کا آسمان پر ہے دماغ
پھونک کر میرے آشیانے کو — مومن

[illegible]
[illegible] — شاد عظیم آبادی

[illegible]
[illegible] — سکندر علی وجد

غزل

نہیں شکایت ہم سے اجتناب تو ہے
کچھ اعتراض اگر سن سکیں جناب تو ہے

نہیں ہمارے لئے ان کی روشنی نہ سہی
کہیں فضا میں کہیں کوئی آفتاب تو ہے

یہ کیا کہ اہل [illegible] شوقِ مطالعہ ہی نہیں
ہمارا عشق تو گویا کھلی کتاب تو ہے

ہمارا ذکر پسندیدگاں میں درج ہے نام
نہیں شمار تو ہے اور کوئی حساب تو ہے

روا نہیں تھا اسے لاجواب کر دینا
وگرنہ اس کے سوالات کا جواب تو ہے

پڑے گا کون بہار و خزاں کے چکر میں
کہ خون ناب تو ہے رنگ پر گلاب تو ہے

نئی عمارت اسی خاک و خوں سے اٹھے گی
قرارِ جاں یہی تصویرِ اضطراب تو ہے

کیا ہے نرم دلِ سنگ سنگ کو اس نے
کسی قدر ہی سہی دعوائے انقلاب تو ہے

ظفر بلا سے وہ گھر دانتے نہیں دل کو
حریمِ خاص میں کچھ دن سے باریاب تو ہے

ظفر اقبال

بہنوں کی محفل



خوانِ نعمت

افسانہ

ربیعہ مریم

لاکھ سمجھانے کے باوجود وہ اپنا بستر باندھ کر ... تو پھر وہ یہ سوچ کیسے کہ بغیر کہ ان سے کیا کہنے ...

[illegible]

انڈوں کا حلوہ

اشیاء۔ انڈے۔ بارہ عدد (اچھی طرح پھینٹ لیں) دودھ دو سیر (اتنا ابالیں کہ آدھا رہ جائے) چینی حسب ذائقہ (شیرہ بنالیں) چھوٹی الائچی چھ عدد (دانوں کو پیس لیں) بادام ایک چھٹانک (ابال کر باریک کاٹ لیں) پستہ ایک چھٹانک (ابال کر باریک کاٹ لیں) چاندی کے ورق حسب ضرورت ... چار مغز آدھا تولہ۔ زعفران دو ماشہ (ہلکا سینک کر مل لیں اور تھوڑے سے گرم دودھ میں بھگو دیں) چاندی کے ورق دو عدد حسب ضرورت۔ گھی آدھا پاؤ

ترکیب۔ پہلے گھی کو ہلکا گرم کرکے اس میں انڈے چینی اور الائچی ملا دیجئے اور دیگچی میں ڈال کر ہلکی آگ پر پکائیے۔ پھر دودھ، بادام، پستہ اور چار مغز ملا دیجئے۔ حلوہ کا گاڑھا ہونے تک پکائیے اس دوران اسے اچھی طرح چلاتے رہیئے پھر جب گاڑھا ہو جائے زعفران بھی ڈال دیجئے اور چلاتے رہیئے۔ آخر میں پلیٹوں میں نکال کر چاندی کے ورق لگا دیجئے گھر بھر کے لئے یہ خوش ذائقہ حلوہ کافی ہوگا۔

جیلی بنانے کا طریقہ

سیب۔ انگور۔ خوبانی۔ آلو بخارا۔

پھل کو دھو کر اس کو چھلکے سمیت کاٹیں۔ اس میں اتنا پانی ڈالیں جس میں پھل ڈوب جائے اور اس کو پکنے کے لئے رکھ دیں جب گل جائے تو ایک کپڑے سے چھان لیں ... [illegible]

[illegible]

سکتا ہو گا اس حساب سے ہو گا اس میں چینی ڈال کر پکائیں۔ تک ملنے تک بھری رکھ کر مزیدار بنالیں۔
اس میں حسب ضرورت لیموں بھی ڈالا جا سکتا ہے۔

لیموں اور سبز مرچوں کا اچار

سبز مرچیں اور لیموں کو دھو کر اچھی طرح خشک کریں۔ اس کے بعد لیموں کو دو حصوں میں کاٹ لیں۔ مرچوں کو بھی درمیان سے کاٹ کر نمک بھر کے دو تین گھنٹے پڑا رہنے دیں۔ جب مرچیں اپنا پانی چھوڑ دیں تو لیموں اور مرچوں کو کسی مرتبان میں ڈال کر نمک مرچ مسالہ حسب منشا ڈالیں پھر اس میں ابلا ہوا تیل ڈال دیں۔ اور یاد رکھیں اس کو دن میں مرتبہ دھوپ ضرور لگائیں تاکہ خراب نہ ہو جائے۔ نرم ہو جائے تو استعمال کریں۔

مسالے دار بینگن

اشیاء:-

بینگن	آدھ سیر (گول)
ٹماٹر	پاؤ
پیاز	دو عدد
لہسن	ایک پوتھی
ادرک	چھٹانک بھر
نمک	حسب ذائقہ
ہلدی	آدھا چمچ (چائے کا)
سرخ مرچ	ایک چمچ (چائے کا)

ترکیب:-
بینگن دھو کر چھیل لیں اور لمبے لمبے ٹکڑے کاٹ لیں دیئے گئے مسالوں کے علاوہ تھوڑا سا نمک اور سرخ مرچیں ملا کر بینگنوں کے دونوں طرف لگا دیں اور تھوڑا سا چھوڑ دیں۔
ایک دیگچی میں پیاز کے ٹکڑے کاٹ کر سرخ کریں ... [illegible]

... کریں۔ بہت مزیدار معلوم ہوں گے۔
آزما کر دیکھئے!



انجمن "اردو" فرانس کی ماہانہ محفل بروز اتوار ۱۶ مارچ ۲ بجے دن میٹرو ریفرنس لائبریری (نظیرو - ینگ) کے کمیٹی روم "ای" میں منعقد ہوگی۔ اردو میں آزاد شاعری اور فیض احمد فیض پر مقالے پڑھے جائیں گے۔
اردو ادب میں دلچسپی رکھنے والے افراد سے شرکت کی توقع ہے۔

کریسنٹ

ٹورنٹو کینیڈا

اَلَآ اِنَّ اَوْلِیَآءَ اللّٰهِ لَا خَوْفٌ عَلَیْهِمْ وَلَا هُمْ یَحْزَنُوْنَ ۝

سن رکھو کہ جو اللہ کے دوست ہیں ان کو نہ کچھ خوف ہوگا اور نہ وہ غمناک ہوں گے

لا الٰہ الا اللہ!

گزشتہ دو ہفتوں میں کچھ تھوڑے توقف کے بعد افغانستان میں مجاہدین کی سرگرمیاں پھر وسعت اور شدت اختیار کر گئی ہیں۔ پچھلے دو تین ہفتوں میں کمیونسٹ لابی کے اخبارات میں بڑے اہتمام سے سرخیاں لگ رہی تھیں کہ افغانستان میں جنگ عملاً ختم ہو چکی ہے اور روسی افواج کا قبضہ مستحکم ہو رہا ہے۔ مگر اب جو مجاہدین کی کامیاب مزاحمت کی خبریں پھر آنا شروع ہو گئی ہیں تو کمیونسٹ لابی پریشان ہے کہ انہیں اخبار کے پیش منظر سے کیسے ہٹائے۔ چنانچہ آج ایک مقامی اخبار کے فاضل نیوز ایڈیٹر نے جن کا تعلق روسی لابی سے ہے، کمال یہ کیا ہے کہ صفحہ اول پر افغان مجاہدین کی کامیابیوں کی خبروں کو روسی فوجوں کے قبضے کے استحکام کے زیر عنوان کرنے کی کوشش کی ہے۔ افغانستان کی داخلی جنگ کی صورت حال سے متعلق خبر کو ایک کونے میں پھینک کر افغانستان پر روسی قبضے کے استحکام کے سلسلے میں نئے روسی اقدامات اور منصوبوں کی خبر کو اس طرح پھیلایا گیا ہے کہ افغان مجاہدین کی کامیابیوں کے مقابلے میں روسی کامیابیوں کی [illegible] کا تاثر زیادہ نمایاں اور موثر رہے۔ اس تاثر کو گہرا کرنے کے لئے یہ موسم بہار کو افغانستان اور اس کے ہمسایہ ملکوں کے لئے آزمائش کا زمانہ بنا دیا گیا۔ اس قسم کی خبروں کو نمایاں کرنا بلا ارادہ حرکت نہیں ہے کمیونسٹ لابی کی یہ ترکیب بھی سکیم ہے اس کا مقصد یہ ہے کہ اگلے میدان میں کسی ممکنہ لڑائی سے قبل ہی حریف مخالف پر شکست کو ذہنی اور نفسیاتی طور پر مسلط کر دیا جائے تاکہ کسی بھی مرحلے میں یہ حقیقت پاسدار امر واقعہ کی طرح بلا تاخیر ظہور پذیر ہو۔

ہم اپنے قارئین کو کمیونسٹ لابی کی ان حرکتوں سے اسی لئے آگاہ کرتے رہتے ہیں کہ وہ شعوری طور پر ان کی حرکتوں کے خلاف چوکنا رہیں۔ اسی بڑے اخبار کے کونے میں مجاہدین کی سرگرمیوں کی خبر کو جو جگہ ملی ہے وہ دیدنی ہے اس کی سرخیوں میں بھی سب سے بالا یہی سرخی ہے کہ بدخشاں میں مجاہدین کے ٹھکانوں پر روسی طیاروں کی زبردست بمباری سے متعدد مجاہدین شدید زخمی ہو گئے۔ اس خبر کی سرخیوں کا دوسرے اخبارات کی سرخیوں سے موازنہ کر لیجئے فاضل نیوز ایڈیٹر صاحب کا وہ رنج واضح نظر آئے گا جو انہیں مجاہدین کی کامیابیوں سے پہنچا ہے۔ اور ان کی یہ کوشش بھی بہت صاف ہے کہ ان کامیابیوں کو زیادہ نمایاں کر کے ان کے تاثر کو تقویت نہ دی جائے۔

بہر حال میدان صحافت میں روسی لابی کے کارکنوں کے طرز عمل کے بارے میں ان اشارات کے بعد قطع نظر ہم صرف یہ عرض کرنا چاہتے ہیں کہ گزشتہ دنوں کے توقف کے بعد مجاہدین کی سرگرمیوں کی افغانستان میں حالیہ وسعت اور شدت سے صرف یہ نتیجہ اخذ کیا جا سکتا ہے کہ افغانوں کی مزاحمت بہر حال جاری ہے۔ یہ ختم نہیں ہوئی اور نہ ہو سکتی ہے۔ لیکن یہ بات بھی ذہن میں رہنی چاہیے کہ افغانستان میں افغان مجاہدین روسی فوجوں کے خلاف کوئی باقاعدہ جنگ نہیں لڑ سکتے کیونکہ افغانوں کے پاس نہ کوئی باقاعدہ اور منظم فوج ہے اور نہ باقاعدہ جنگ کے لئے مطلوب جدید ترین اسلحہ اور سامان۔ اس لئے افغانوں کی یہ مزاحمت کوئی باقاعدہ جنگ نہیں بلکہ [illegible] سرگرمی ہے یعنی یہ سب مسلمان افغانوں اور مجاہدوں کی جنگ ہے اور اس قسم کی جنگ کا انداز اور اسلوب باقاعدہ جنگ سے مختلف ہوتا ہے۔ یہ [illegible] کی آگ نہیں بلکہ [illegible] کی آگ ہوتی ہے جو کبھی بجھ سکتی اور کبھی بھڑکتی ہے مگر ہوتی بڑی سخت جان ہے آسانی سے بجھتی بھی نہیں۔ چنانچہ افغانوں کی سرگرمیوں میں اگر وقفہ آ جائے تو مطلب یہ لیا جائے کہ روس کا قبضہ مکمل ہو گیا اور جنگ ختم ہو گئی بے معنی بات ہے۔ اور کسی مرحلے میں افغانوں کی سرگرمیوں کے شدت اختیار کرنے سے یہ مطلب لیا جا سکتا ہے کہ بس اب افغانوں کی اگلی منزل فتح و نصرت کی ہے؟

افغانستان کی اس داخلی صورت حال کے بارے میں ہمارے خیال میں حقیقت پسندانہ تجزیہ صرف یہ ہے کہ وسائل اور طاقت کے بے پناہ تفاوت کے باوجود افغان اپنی مزاحمت جاری رکھے ہوئے ہیں [illegible] اور [illegible] کے باوجود [illegible] ایک سال میں اپنی آزادی کے لئے غیر ملکی جارحیت کے خلاف جنگ [illegible] سے یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ افغانستان پر قبضے کے متعلق [illegible] تجربے اور اندازے غلط ثابت ہو چکے ہیں۔ افغانستان کی جنگ جلد ختم نہیں ہو سکتی [illegible] طویل ہوگی۔ اور روس افغانستان میں [illegible] وسائل اور طاقت کی [illegible] مستقبل قریب میں اس کی حتمی کامیابی قطعاً [illegible] تمام دنیا کے علاوہ [illegible] اور [illegible] کے تحفظ کے لئے [illegible] قوت ایمانی کی دولت سے مالا مال

یں جوان کے مستقبل اور اسلام کی نشاۃ ثانیہ کے عزم کی ضمانت بن سکتا ہے۔ ایران و افغانستان کے مسلمانوں نے پچھلے دو سالوں میں جو تاریخ بنائی ہے وہ انشاءاللہ آنے والی صدیوں میں مسلمانوں کی تاریخ کا فخر بنے گی۔ ایرانی مسلمانوں نے جان و مال کے بے دریغ ایثار کے ساتھ نہتے اور بے وسائل ہونے کے باوجود جس طرح امریکہ جیسی موذی طاقت کو فرار کر کے اپنے ملک سے نکالا، بعینہٖ اب افغان عوام روس جیسے دیو کو اپنی سرزمین پر [illegible] رہے ہیں اس کا خاص پہلو یہ ہے کہ یہ دونوں تحریکیں مسلمانوں کے عقیدہ توحید کی فضیلت پر گواہ ہیں۔ امریکہ اور روس آج کل سپر طاقتیں شمار ہوتی ہیں اور دنیا بھر کے چھوٹے ممالک ان سے نبرد آزمائی کے تصور سے بھی خائف رہتے ہیں مگر ایران میں امریکہ کی شکست اور افغانستان میں روس کی تذلیل پر [illegible] مسلمانوں کے عقیدہ توحید کے بنیادی کلمے کا اثبات ہو رہا ہے یعنی لا الٰہ الا اللہ!

روزنامہ جسارت کراچی

ضمیریات

نام لکھوا کے خاکساروں میں
لوگ بیٹھے رہے بہاروں میں

اب بھلا قربِ رہبراں کیسا!
اب ہوا بھر گئی غباروں میں

چیڑ اپنے محل پہ تجتی ہے
شیر بھٹ میں گدھا کمہاروں میں

کیوں نہ ان پر مریں ہزاروں لوگ
خود بھی وہ ایک ہیں ہزاروں میں

ہم نے ہر انقلاب کو دیکھا
کچھ نئے کارکن تھے کاروں میں

قوم کچھ اور بھی ہوئی ٹیڑھی
جب سے راشن ملا قطاروں میں

چیخ اٹھتے تھے کالجوں کی فضا
پھلجھڑی گھس گئی اناروں میں

منفرد بھی کسی تو مد میں ہم
پہلا نمبر ہے قرضہ داروں میں

میں اور اس بزم خوش میں اذن کلام!
اک پیادہ ہے شہسواروں میں

وقت ہے جبر، ضمیر گونگا تھا
بات کرتے رہے اشاروں میں

سید ضمیر جعفری

آدابِ معاشرت
احادیثِ نبوی کی روشنی میں
انتخاب: منصور الزمان صدیقی

وضو اور غسل

ارشاد فرمایا: "جس حالت میں غسل کرنا [illegible] (یعنی حالت جنابت میں) [illegible] کرنے سے گناہ دھل جاتے ہیں۔ [illegible]"

مسواک کرنا

ارشاد فرمایا: "دو رکعتیں مسواک کر کے پڑھنا افضل ہے بہ نسبت ان ستر رکعتوں کے جو بے مسواک پڑھی جائیں۔"

مستورات کا گھر سے باہر نکلنا

ارشاد فرمایا: "عورت [illegible]"

[illegible] کا حساب ہے۔ جب [illegible] میں [illegible] (حدیث)

نماز

ارشاد فرمایا: "پانچوں نمازوں کی مثال ایسی ہے جیسے کسی کے دروازے کے سامنے ایک نہر ہو جس میں وہ روزانہ پانچ وقت غسل کرے تو اس کے بدن پر میل کچیل باقی نہ رہے گا۔ اسی طرح جو شخص پانچوں وقت کی نماز پڑھتا ہے اس کے گناہ دھل جاتے ہیں۔"

ارشاد فرمایا: "قیامت کے دن سب سے پہلے نماز کا حساب ہوگا۔"

ارشاد فرمایا: "جو شخص بے وقت نماز پڑھے، وضو اچھی طرح نہ کرے، [illegible] تو وہ نماز بے نور ہو کر [illegible] اور کہتی ہے کہ خدا تجھے برباد کرے جس طرح تو نے مجھے برباد کیا یہاں تک کہ جب [illegible] جگہ پر پہنچتی ہے۔"

ارشاد فرمایا: "جلال اللہ تعالیٰ کو منظور ہے کہ [illegible] پیٹ کر اس نمازی کے منہ پر ماری جاتی ہے۔"

ارشاد فرمایا: "تم نماز میں ادھر ادھر دیکھا کرو [illegible] تمہاری نگاہ [illegible]"

ارشاد فرمایا: "جو شخص نماز میں کھڑے ہو کر ادھر ادھر دیکھے [illegible] اس کی نماز کو [illegible]"

نماز قضا کرنا

ارشاد فرمایا: "جو شخص نماز کو چھوڑ دے وہ جب [illegible] اللہ تعالیٰ اس پر غضب ناک ہوں گے۔"

قرض دینا

ارشاد فرمایا: "میں نے شب معراج میں جنت کے دروازے پر لکھا ہوا دیکھا کہ خیرات کا ثواب دس حصے ملتا ہے اور قرض دینے کا ثواب اٹھارہ حصے۔"

صبر کا اجر

ارشاد فرمایا: "جو دو میاں بیوی مسلمان ہوں اور ان کے تین بچے انتقال کر جائیں اللہ تعالیٰ ان دونوں کو جنت میں داخل کرے گا۔ بعض صحابہ نے دریافت کیا اگر دو بچے ہوں فرمایا حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے دو میں بھی یہی ثواب ہے۔"

پھر فرمایا: "میں قسم کھاتا ہوں اس ذات پاک کی کہ جس کے اختیار میں جان ہے کہ جو حمل گر گیا ہو وہ بھی ماں کو اپنی آنول سے کھینچ کر جنت کی طرف کھینچ کر لے جائے گا جبکہ ماں نے ثواب کی نیت کی ہو۔"

تلاوت کلام پاک

ارشاد فرمایا: "جو شخص قرآن کا ایک حرف پڑھتا ہے اس کو ایک حرف پر ایک نیکی ملتی ہے اور نیکی کا قاعدہ ہے کہ اس کے برابر دس حصے ملتے ہیں۔ اور میں الم کو ایک حرف نہیں کہتا بلکہ تین حرف ہیں اس حساب سے تین حرفوں پر تیس نیکیاں ملیں گی۔"

نیت کی اہمیت

ایک شخص نے دریافت کیا ایمان کیا چیز ہے؟

ارشاد فرمایا: "نیت کو خالص کرنا (یعنی جو کام کرے اللہ کے واسطے کرے)۔"

ارشاد فرمایا: "سارے کام نیت کے ساتھ ہیں مطلب یہ ہے کہ نیت اچھی ہو تو نیک کام پر ثواب ملتا ہے۔"

ظاہرداری کی نیکی

ارشاد فرمایا: "جو شخص سنانے کے واسطے کوئی کام کرے اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس کے عیب سنا دیں گے اور جو شخص دکھلانے کے واسطے کوئی کام کرے اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس کے عیب کھول دیں گے۔"

ارشاد فرمایا: "تھوڑا سا دکھلاوا بھی ایک طرح کا شرک ہے۔"

سو شہیدوں کے برابر

ارشاد فرمایا: "جس وقت میری امت میں دین بگڑ جائے اس وقت جو شخص میرے طریقے کو مضبوط پکڑے رہے اس کو سو شہیدوں کا ثواب ملے گا۔"

ایک ہی راستہ

ارشاد فرمایا: "[illegible] اللہ تعالیٰ [illegible]"

مجھے بھی مسز اندرا سے اتفاق ہے

[illegible]

دید شنید

[illegible]

آئندہ ماہ پندرہ روسی تجارتی اتاشی بیرون ملک بھیجے جا رہے ہیں

ان افراد کی تربیت کے لیے ایک خاص پروگرام وضع کیا گیا ہے

[illegible]



امام خمینی کے لیے متعدد افراد نے دل پیش کر دیے

حالت بہتر ہو رہی ہے

[illegible]



قذافی کے خلاف دوستوں کی سازش

ایک انکشاف انگیز رپورٹ

رؤف طاہر

افغانستان کے مسئلے پر لیبیا کے صدر کرنل قذافی کا موقف بڑا پراسرار اور معنی خیز ہے۔ صدر قذافی کا شمار ان عرب سربراہوں میں ہوتا ہے جو روس کے پرجوش حامی سمجھے جاتے ہیں اور جنہوں نے افریقہ اور مشرق اوسط میں روسی کارروائیوں کی واشگاف تائید و حمایت کے لیے جواب دیا ہے [illegible]

[illegible]


روس نے صدر داؤد کا تختہ کیوں الٹا!

صدر داؤد افغانستان کو پاکستان اور اسلامی دنیا کے قریب تر لا رہے تھے



افغانستان میں مخالفین کو پٹرول چھڑک کر آگ لگا دی جاتی ہے

سابق صدر داؤد کے قریبی ساتھی کرنل محمد سردار کے انکشافات



اجمل خٹک

روس اجمل خٹک کو پاکستان کے خلاف استعمال کرنے کا ارادہ رکھتا ہے



کرنل محمد سردار

بیرون ملک مقیم پاکستانی ۰ا کروڑ روپے کی سرمایہ کاری کریں گے

فیصلہ جلد ہو جائے گا۔ اب تک بیرون ملک مقیم پاکستانی چار کروڑ تک سرمایہ کاری کی جا چکی ہے: ڈی اے ایم قریشی

پاکستان میں امریکہ کے فضائی اڈے قائم کئے جائیں گے

ایران کے نئے صدر نے روسی مسلمانوں کی آزادی کا مطالبہ کر دیا

روس کے مسلمانوں کو اپنی پسند کا نظام حیات اختیار کرنے کا حق دیا جانا چاہیئے۔ روس نے ایران کے اسلامی انقلاب سے گھبرا کر افغانستان میں مداخلت کی ہے۔ نئے صدر کا انٹرویو

روسی پڑوسیوں کیلئے تشویشناک اقدامات سے گریز کرے۔ بریژنیف کو پیغام

بیرون ملک پاکستانیوں کو رفاہی منصوبوں میں سرمایہ لگانے کا مشورہ

کینیڈا کے انسٹی ٹیوٹ کیلئے صدر ضیاء کا عطیہ

صدر مملکت سے مصافحہ

بنگلہ دیش میں منفی قوتیں پھر سر اٹھا رہی ہیں

بنگلہ دیش

تازہ ترین صورتحال کے آئینہ میں

محمد صلاح الدین

[illegible]

نیپال تک گزرگاہ دی جائے

بنگلہ دیش سے بھارت کا نیا مطالبہ

[illegible]

سعودی عرب میں افغان مجاہدین کے امدادی فنڈ میں ۳ لاکھ ریال جمع ہو گئے

افغان حکومت مسلمانوں کا قتل عام کر رہی ہے۔ شیخ ابن باز کی عوام سے عطیات دینے کی اپیل

[illegible]

افغانستان کی موجودہ صورتحال میں پاکستان کو امریکی ہتھیار ملنے چاہئیں۔ ڈیسائی

ہتھیار دفاع کی خواہ مخواہ کی فروخت نہیں۔ پاکستان کبھی بھارت کے خلاف جنگ نہیں کرے گا۔ بھارت کے سابق وزیر اعظم کا بیان

افغانستان کے مسئلے پر اندرا کی پالیسی میں تضاد ہے

روسی فوجیں افغانستان خالی کریں مستقبل کا فیصلہ عوام کریں گے

عوام پر چھوڑ دیا جانا چاہیے

[illegible]

کابل میں پاکستانی صحافی گرفتار

[illegible]

اونچی ذات کے ہندوؤں نے بہار کے ایک گاؤں کو نذر آتش کر دیا، بارہ افراد ہلاک

جان بچا کر بھاگنے والے مردوں، عورتوں اور بچوں کو گولیوں کا نشانہ بنایا گیا

پارلیمنٹ نے اس واقعہ پر بحث کی تحریک منظور کر لی، امدادی کارروائیاں جاری ہیں

[illegible]

شہر کی تعمیر نو

[illegible]

حکومت نے پرائمری سے اعلیٰ سطح تک تمام امتحانات اردو میں لینے کا فیصلہ کر لیا

اردو کے مکمل نفاذ کے لئے دس سالہ مدت مقرر کی گئی ہے

انٹرمیڈیٹ ختم کر کے ہائی اسکول کی تعلیم ۱۲ سال کر دی جائے گی

[illegible]

بیرون ملک سے آنے والوں کیلئے ہوائی اڈوں پر کسٹم ڈیوٹی سے مستثنیٰ دکانیں کھولی جائیں گی

آبادی کی منصوبہ بندی کے لیے قومی کونسل قائم کرنے کا فیصلہ

دہ فی کارپوریشن کو اپنی مصنوعات کی قیمتیں بڑھانے کی اجازت دے دی گئی

پاکستان کے زرمبادلہ کے ذخائر میں آٹھ کروڑ روپے کی کمی

سٹیٹ بنک میں کمرشل بنکوں کے سرمائے کی مالیت پانچ ارب ۴۴ کروڑ روپے ہو گئی

ذرائع ابلاغ قومی مقاصد کی تشہیر میں بھرپور کردار ادا کریں: شاہد حامد

جسے پاکستانی ہونے پر فخر نہیں اس کے لئے پاک سرزمین پر کوئی جگہ نہیں



افغان مہاجرین کیلئے حکومت چین کا عطیہ



کرکٹ بائی چانس

محسن نقوی جو ہیں تھے نہیں

جو کچھ ہوا اسے درگزر کریں


ہم حوصلہ افزائی کے مستحق ہیں

ظہیر عباس انٹرویو



سعودی عرب کی سرزمین پر کسی کو فوجی اڈے بنانے کی اجازت نہیں دی جائیگی۔ سعود الفیصل

بھارت میں امپائرنگ غیر معیاری اور جانبدارانہ تھی ـــ آصف اقبال



اسلامی ممالک کی مشترکہ دفاعی فوج کے قیام کا تجویز کی سنجیدگی سے جائزہ لینا چاہیے

پاکستان کی سلامتی کیلئے صرف امریکہ پاکستان اور فلسفہ پر مکمل انحصار مناسب نہیں ہے گا: پروفیسر خورشید احمد

ڈرامہ ساز نے سانپ کا سر چبا ڈالا



عالمی مقابلے میں پاکستانی فلم کو انعام

قومی کرکٹ ٹیم کا نیا کپتان
جاوید میانداد

عافیہ سلام



[illegible]



کراچی ٹیسٹ کیلئے سرفراز نواز سمیت ۱۳ کھلاڑیوں کے ناموں کا اعلان کردیا گیا

وسیم باری اور یونس احمد کو شامل نہیں کیا گیا

[illegible]

میر افوری اور اہم مشن آسٹریلیا کے خلاف مضبوط ٹیم تیار کرنا ہے ۔ نور خان

[illegible]



[illegible]

جاوید میانداد کا ٹیسٹ بیٹنگ ریکارڈ

سیزن	مقابلہ	ٹیسٹ	اننگز	ناٹ آؤٹ	رنز	زیادہ سے زیادہ	اوسط	سنچری	نصف سنچری	کیچ
۱۹۷۶-۷۷	نیوزی لینڈ	۳	۵	۱	۵۰۴	۲۰۶	۱۲۶٫۰۰	۲	۱	۳
۱۹۷۶-۷۷	آسٹریلیا	۳	۵	صفر	۱۴۸	۶۴	۲۹٫۶۰	-	۲	۳
۱۹۷۶-۷۷	ویسٹ انڈیز	۱	۲	صفر	۳	۲	۱٫۵۰	-	-	-
۱۹۷۸	انگلستان	۳	۵	صفر	۷۷	۳۹	۱۵٫۴۰	-	-	۲
۱۹۷۷-۷۸	انگلستان	۳	۵	۳	۲۶۲	۸۸	۱۳۱٫۰۰	-	۳	۲
۱۹۷۸-۷۹	بھارت	۳	۵	۳	۳۵۷	۱۵۴	۱۷۸٫۵۰	۲	۱	۱
۱۹۷۸-۷۹	نیوزی لینڈ	۳	۵	۲	۲۹۷	۱۶۰	۹۹٫۰۰	۱	۱	۵
۱۹۷۸-۷۹	آسٹریلیا	۲	۴	۱	۱۸۳	۱۲۹	۶۱٫۰۰	۱	-	۱
۱۹۷۹-۸۰	بھارت	۶	۱۱	۱	۴۲۱	۷۶	۴۲٫۱۰	-	۴	۸
		۲۷	۴۷	۱۱	۲۲۵۴	۲۰۶	۶۲٫۹۱	۶	۱۲	۲۵

بھارت سے واپسی پر ٹیم کا استقبال [illegible]

ہم پاکستان کے خلاف تین ٹسٹ کی سیریز جیت لیں گے ۔ گریگ چیپل

ڈینس للی اور روڈنی مارش بہترین کھلاڑی ہیں [illegible]

ہماری ٹیم بہترین کھلاڑیوں پر مشتمل ہے ۔ فریڈ بینیٹ

آسٹریلوی ٹیم کے منیجر کا بیان

[illegible]

ٹورانٹو کنیڈا

ہر روزہ کریسنٹ انٹرنیشنل

اسلامی اقدار و بیرونِ وطن پاکستانیوں کا ترجمان ـ شمالی امریکہ میں اردو کا سب سے پہلا اور کثیر الاشاعت اخبار

جلد ۸ | ۱۳ ربیع الثانی ۱۴۰۰ھ | یکم مارچ ۱۹۸۰ء | شمارہ ۲۴

ببرک کارمل کے بھائی اور نائبِ وزیرِ اعظم کشتمند کو ہلاک کر دیا گیا

کابل میں چوتھے دن بھی لڑائی جاری رہی گولیاں چلنے کی آوازیں سنی جا رہی ہیں شہر میں مکمل ہڑتال سینکڑوں افراد ہلاک ہو چکے ہیں جلال آباد کے گرد گھیرا تنگ کیا جا رہا ہے غیر ملکی سفارتکاروں کا انخلا شروع ہو گیا

کابل کا نظم و نسق روسیوں نے سنبھال لیا۔ ہوائی اڈہ بند

بدخشاں میں خونریز جھڑپیں اور احتجاجی مظاہرے ۔ شہر میں مکمل ہڑتال

[illegible]

بلوچستان میں سابق حکومت کی پیدا کردہ تلخی اب ختم ہو چکی ہے

صوبے میں ترقی کا نیا دور شروع ہو چکا ہے : صدر ضیاء الحق

[illegible]

مجاہدین کی تعداد دس لاکھ تک پہنچ جائیگی

[illegible]

ایم ایم سلیم پی آئی اے کے مینیجنگ ڈائریکٹر ہو گئے

[illegible]

بھارتی سکے کی قیمت کم کر دی گئی

[illegible]

بیرون ملک سے واپس آنیوالے پاکستانیوں کی آبادکاری کیلئے زمینیں حاصل کر لی گئیں

زیر کفالت افراد کی بہبود کیلئے بہت سی اسکیمیں شروع کی جا رہی ہیں

[illegible]



اب صرف پودے لگانے کی ضرورت ہے . . . . !